19-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ........... ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں 102 پارلیمانی سیٹوں کیلئے ووٹنگ شروع ہوگئی ہے۔

2 صدرِ جمہوریہ اور وزیر اعظم نے ووٹروں پر زور دیا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

3 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم جاری ہے۔ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں ریلیاں کریں گے۔

4 وائس ایڈمیرل دنیش ترپاٹھی کو بحریہ کا نیا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔

5 کینیا کی فوج کے سربراہ اور 9 دیگر اہلکار ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں مارے گئے ہیں ۔

6 اور IPL کرکٹ میں ، چنڈی گڑھ میں ممبئی انڈینس نے پنجاب کنگس کو 9 رَن سے ہرا دیا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**LS POLL FIRST PHASE**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے ووٹنگ شروع ہوگئی ہے۔ آج 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں میں 102 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ ان ریاستوں میں اترپردیش ، مغربی بنگال ، بہار، آسام، مدھیہ پردیش ، مہاراشٹر ، راجستھان ، تمل ناڈو ، اتراکھنڈ ، اروناچل پردیش ، منی پور اور میگھالیہ شامل ہیں۔

اِس مرحلے میں مجموعی طور پر ایک ہزار 625 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں ۔ ممتاز امیدواروں میں BJP کے سرکردہ لیڈر اور مرکزی وزیر نتن گڈکری ، سربانند سونووال ، کرن رجیجو ، ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور سنجیو بالیان کے ساتھ

ساتھ BJP لیڈر تمل سائی سندرا راجن اور جِتن پرساد ، کانگریس لیڈر گورو گوگوئی ، کارتی چدمبرم اور Nakul Nath نیز DMK پارٹی کے دیاندھی مارن شامل ہیں ۔

اس مرحلے میں 16 کروڑ 63 لاکھ رائے دہندگان کیلئے ایک لاکھ 63 ہزار پولنگ مرکز بنائے گئے ہیں۔ پہلی بار ووٹ دینے والے تقریباً 36 لاکھ افراد بھی اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ اِس مرحلے میں 85 سال سے زیادہ عمر کے 14 لاکھ سے زائد افراد اور تقریباً 14 لاکھ معذور رائے دہندگان کو گھر سے ہی ووٹ دینے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

انتخابی کمیشن نے اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے انتظامات کئے ہیں کہ پانی، سائبان، بیت الخلاء ، Ramps ، وہیل چیئر اور بجلی جیسی بنیادی سہولیات دستیاب رہیں تاکہ ہر ووٹر آسانی کے ساتھ ووٹ دے سکے۔

اُدھر اروناچل پردیش اور سکم میں نئی اسمبلیوں کے انتخاب کیلئے بھی آج واحد مرحلے میں پولنگ ہورہی ہے۔ x

**VOTE APPEAL**

لوک سبھا انتخابات کا سلسلہ آج شروع ہونے کے تناظر میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ ریکارڈ تعداد میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

ملک کا مستقبل طے کرنے میں ، اُن کی شمولیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ، صدرِ جمہوریہ نے سبھی لوگوں ، خاص طور پر پہلی بار ووٹ دینے والے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بااختیار بنائے جانے کے اِس لمحے سے فائدہ اٹھائیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر نوجوانوں اور پہلی مرتبہ ووٹ دینے والوں پر زور دیا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں ووٹ دینے کیلئے نکلیں ۔ جناب مودی نے کہا کہ ہر ووٹ اور ہر آواز کی اہمیت ہے۔

اِدھر اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے بھی لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ لوک سبھا انتخابات میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں ۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب کمار نے کہا کہ آج ووٹنگ کا دن ہے اور سکیورٹی کے ساتھ ساتھ کئی دیگر اقدامات بھی کئے گئے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی کمیشن ، پولنگ مرکز پر آنے والے ہر شخص کا خیرمقدم کرتا ہے۔ x

**BIHAR FIRST PHASE POLL**

بہار میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت نکسلیوں سے متاثرہ چار لوک سبھا حلقوں گیا، جموئی، نوادہ اور اورنگ آباد میں ووٹنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف پولنگ مراکز پر ووٹروں کی لمبی لمبی قطاریں دیکھی جارہی ہیں۔

شدید گرمی کے سبب ووٹر صبح سویرے سے ہی مختلف بوتھ پر ووٹ ڈالنے کیلئے پہنچے ہیں۔ نوجوان اور خواتین ووٹروں میں خاص جوش دیکھا جارہا ہے۔

اِن چار پارلیمانی حلقوں کے 76 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان 38 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

نکسلیوں سے متاثرہ علاقوں کے تحت آنے والے مختلف پولنگ مراکز میں سکیورٹی کے وسیع تر انتظامات کیے گئے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے نکسلیوں سے متاثرہ علاقوں کے پولنگ مراکز میں ووٹ ڈالنے کے اوقات میں کمی کی ہے۔ یہاں صبح 7 بجے سے سہ پہر چار بجے تک ووٹ ڈالے جائیں گے۔

سابق وزیراعلیٰ جیتن رام مانجھی گیا حلقے سے، سشیل کمار سنگھ اورنگ آباد سے، وویک ٹھاکر نوادہ سے اور ارون بھارتی جموئی سے NDA کے سرکردہ امیدواروں کی حیثیت سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ x

## PM WARDJA RALLY

بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج شام مہاراشٹر کے وَردھا حلقے کے Talegaon گاؤں میں بی جے پی امیدوار کی حمایت میں ایک چناوی ریلی سے خطاب کریں گے۔ بی جے پی کے موجودہ رکن پارلیمنٹ Ramdas Tadas تیسری مرتبہ Mahayuti امیدوار کے طور پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔

مہاوکاس اگھاڑی سے نیشنلسٹ کانگریس پارٹی شرد پوار گروپ نے وردھا حلقے سے اَمر کالے کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ NCP کے امیدوار اِس حلقے سے پہلی مرتبہ چناؤ لڑرہے ہیں۔ بہوجن سماج پارٹی نے ڈاکٹر موہن Raikwar کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔ اِس حلقے میں کُل 24 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔

وردھا اور مغربی وردھا کے چار دیگر حلقوں امراوتی، Yavatmal-Washim، بلڈھانا اور اکولہ میں اِس ماہ کی 26 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ x

## MP PM VISIT

مدھیہ پردیش میں انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے۔ بی جے پی کے ساتھ ساتھ کانگریس، بی ایس پی، سماجوادی پارٹی کے امیدواروں کے ساتھ ساتھ آزاد امیدوار زورو شور سے انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔

بی جے پی کے اعلیٰ رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج مدھیہ پردیش کے Damoh ضلع پہنچیں گے۔ وہ یہاں Imlai Gram Ground میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔

وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو کھجوراہو اور نرمدا پورم میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے جبکہ بی جے پی کے ریاستی صدر وشنودت شرما کھجوراہو، Damoh اور پنّا، کیلاش وجے ورگیہ Maihar، ستنا اور بیر سنگھ پور اور پرہلاد پٹیل Damoh

میں چناوی مہم میں شرکت کریں گے۔

کانگریس کے ریاستی صدر جیتو پٹواری اپوزیشن کے رہنما اُمنگ سنگھر، سابق مرکزی وزیر ارون یادو، راجیہ سبھا کے ممبر پارلیمنٹ وویک Tankha اور سابق وزیر جے وردھن سنگھ ساگر اور شیوپوری میں چناوی مہم کریں گے۔ x

**SIKKIM ELECTION**

سکم میں لوک سبھا کی واحد سیٹ اور اسمبلی کی 32 سیٹوں کیلئے ایک ساتھ پولنگ ہورہی ہے ۔ چار لاکھ 66 ہزار سے زیادہ ووٹر ریاستی اسمبلی کے چناؤ کیلئے 12 خاتون امیدواروں سمیت 146 امیدواروں کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کریں گے ۔

لوک سبھا کی واحد سیٹ کیلئے ایک خاتون امیدوار سمیت 14 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں ۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Ibomcha Sharma**

ریاست میں خوشگوار موسم کے تناظر میں 32 آسمبلی حلقوں کے سبھی پولنگ مراکز پر کثیر تعداد میں ووٹ ڈالے جانے کی امید ہے ۔ راجدھانی گینگٹاک میں کئی پولنگ مراکز پر ووٹنگ شروع ہونے سے پہلے ہی بڑی تعداد میں لوگوں کو اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے کیلئے قطاروں میں انتظار کرتے ہوئے دیکھا گیا ۔ اس کے علاوہ ریاست کے کچھ دیگر ضلعوں سے بھی اسی طرح کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔کہیں سے بھی کسی ناخوشگوار واقعے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

گینگٹاک سے Ibomcha Sharma کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان ۔ x

**SHILONG GENERAL ELECTION**

میگھالیہ میں لوک سبھا کی دو سیٹوں شیلانگ اور Tura سے اپنے نمائندوں کے انتخاب کیلئے رائے دہندگان ووٹ ڈال رہے ہیں ۔ ووٹنگ شام چار بجے تک جاری رہے گی ۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Paritosh Dixit**

سکیورٹی فورسز ریاست میں بالخصوص آسام کے سرحدی علاقوں اور بنگلہ دیش سے

متصل میگھالیہ میں پرامن انتخابات کو یقینی بنانے کیلیئے سخت نگرانی برت رہی رہیں۔
Shillong اور Tura دونوں ہی پارلیمانی سیٹیں، درج فہرست قبائل کیلیے
مخصوص ہیں۔ یہاں سے کُل 10 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔
ان میں سے 6 امیدوار شیلانگ سے جبکہ چار Tura لوک سبھا سیٹ سے
اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔
ریاست میں ووٹروں کی کُل تعداد 22 لاکھ 26 ہزار، 567 ہے۔ ان میں سے
خواتین رائے دہندگان کی تعداد مرد رائے دہندگان کے مقابلے کہیں زیادہ ہے جو
یہاں مادرانہ سماج کا عکاس ہے۔
اعلٰی انتخابی افسر ڈاکٹر برہما دیو رام تیواری نے بتایا کہ 31 ہزار 247 رائے
دہندگان پہلی مرتبہ ووٹ دیں گے۔
میگھالیہ میں جو عام طور پر شدید سردی اور بارش کیلیئے مشہور ہے، ان دنوں دھوپ
نکل رہی ہے۔
انتخابی تیاریوں اور سازگار موسم بہار کے سبب بڑی تعداد میں ووٹنگ ہونے کی
امید ہے۔
شیلانگ سے پارتیوش دکشت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں..........

## CHHATTISGARH - BASTAR

چھتیس گڑھ کے بستر لوک سبھا حلقے میں ووٹنگ صبح سات بجے سے شروع ہوگئی ہے۔ ماؤ نوازوں کی سرگرمیوں
سے متاثرہ علاقوں میں پولنگ سہ پہر تین بجے ختم ہوجائے گی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Vikalp Shukla**

چھتیس گڑھ کا بستر لوک سبھا حلقہ قبائلیوں کی زیادہ آبادی والا حلقہ ہے اور بائیں
بازو کی انتہا پسندی کے مسئلے سے بھی متاثر ہے ۔ وہاں ایک ہزار 961 پولنگ
مرکز بنائے گئے ہیں۔ اِن میں سے 61 پولنگ مرکزوں کو گڑبڑ کے امکان والا
قرار دیا گیا ہے ، جبکہ 196 پولنگ مراکز حساس زمرے میں ہیں۔ اِس حلقے
میں 11 امیدوار اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔ ماؤ نوازوں سے متاثرہ علاقوں میں

پولنگ سہ پہر تین بجے ختم ہوجائے گی ، جبکہ دیگر علاقوں میں یہ شام پانچ بجے
تک جاری رہے گی۔ مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے
تا کہ پُرامن ووٹنگ کو یقینی بنایا جاسکے۔ اِدھر انتخابی کمیشن 811 پولنگ مراکز پر
ویب کاسٹنگ کے ذریعے چناؤ عمل کی نگرانی کررہا ہے۔
بستر ، اُن چند چناؤ حلقوں میں سے ایک ہے ، جہاں خاتون رائے دہندگان کی
تعداد مردوں سے زیادہ ہے ۔
رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان ۔ x

**KERALA CAMPAIGN**

کیرالہ میں بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا، Wayanad، Kottayam اور ترو اننت پورم پارلیمانی حلقوں میں روڈ شو میں حصہ لیں گے۔ وہ آج سہ پہر Palakkad ضلع میں Shornur کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔
LDF، سی پی آئی-ایم لیڈر اور کیرالہ کے وزیراعلیٰ Pinarayi Vijayan کوزی کوڈ میں تین مقامات پر عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔
سی پی آئی ایم Politburo ممبر سبھاشنی علی Kottyam حلقے میں عوامی جلسوں میں حصہ لیں گی۔
کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کا کل جبکہ پارٹی لیڈر پرینکا گاندھی کا اس مہینے کی 22 تاریخ کو Wayand پہنچنے کا پروگرام ہے۔ x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**NAVY CHIEF**

بحریہ کے نائب سربراہ وائس ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی کو بھارتی بحریہ کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ وہ ایڈمرل آر ہری کمار کی جگہ ذمہ داری سنبھالیں گے جو اِس ماہ کی 30 تاریخ کو ریٹائر ہو رہے ہیں۔ بھارتی بحریہ کے نائب سربراہ کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالنے سے پہلے جناب ترپاٹھی بحریہ کی مغربی کمانڈ میں فلیگ آفیسر کمانڈنگ اِن چیف کی

ذمہ داری نبھاچکے ہیں۔ انہوں نے بھارتی بحریہ کے جہازوں وِناش، **Kirch** اور ترشول کی کمان بھی سنبھالی ہے۔
جناب ترپاٹھی کو **Ati Vishisht Seva Medal** اور **Nausena Medal** سے نوازا جاچکا ہے۔ **x**

**ED - AMANTULLAH**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے دلّی وقف بورڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں سے وابستہ مَنی لانڈرنگ کیس کے سلسلے میں عام آدمی پارٹی کے ممبرِ اسمبلی امانت اللہ خان سے کُل پوچھ تاچھ کی۔ اس معاملے کا تعلق ، اُن کی چیئرمین شپ میں ہونے والی مبینہ بے ضابطگیوں سے ہے۔ اُن سے **12** گھنٹے سے زیادہ دیر تک پوچھ تاچھ کی گئی ۔
سپریم کورٹ نے گذشتہ ہفتے اُن کی پیشگی ضمانت کی درخواست قبول کرنے سے انکار کردیا تھا اور انہیں ہدایت دی تھی کہ وہ تحقیقات میں شامل ہوں ۔ **x**

**SISODIA CUSTODY**

دلّی میں راؤز ایونیو عدالت نے دلّی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کی عدالتی تحویل کی مدت اِس مہینے کی **26** تاریخ تک کیلئے بڑھا دی ہے۔ اِس معاملے کا تعلق دلّی ایکسائز پالیسی سے وابستہ مَنی لانڈرنگ کیس سے ہے۔ عدالت کا یہ فیصلہ سسودیا کیلئے ایک بڑا دھچکا ہے ، جنہیں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ **ED** اور مرکزی تفتیشی بیورو **CBI** کی جانچ کا سامنا ہے۔
معاملے کی اگلی سماعت **26** اپریل کو ہوگی۔ عدالت نے ملزم کو یہ ہدایت دی ہے کہ وہ اُن دستاویزات کی فہرست فراہم کریں ، جن کی جانچ ابھی کی جانی ہے۔ **x**

**KENYA - MILITARY CHIEF DEATH**

کینیا کی فوج کے سربراہ **Francis Ogolla** اور فوج کے **9** دیگر اہلکار ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں مارے گئے ہیں ۔ کینیا کے صدر **William Ruto** نے ٹیلی ویژن پر خطاب میں یہ اعلان کیا ۔
یہ ہیلی کاپٹر اڑان بھرنے کے کچھ ہی دیر بعد گر گیا۔ اس حادثے میں دو افراد زندہ بچ گئے ہیں ۔ حادثے کی وجہ کا پتہ لگانے کیلئے تفتیش کاروں کی ایک ٹیم وہاں بھیجی گئی ہے ۔**x**

**US - VETO PALESTINE**

امریکہ نے اقوام متحدہ میں فلسطین کی مکمل رکنیت کی حمایت سے متعلق ایک قرارداد کو بڑے پیمانے پر حمایت

ملنے کے باوجود روک دیا ہے ۔ امریکہ نے مذکورہ قرارداد کے مسودے کو ویٹو کردیا ، جس میں 193 ارکان پر مشتمل اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کو یہ سفارش کی گئی تھی کہ فلسطین کو اقوام متحدہ کی رکنیت دی جائے۔ برطانیہ اور سوئٹزرلینڈ نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا ، جبکہ کونسل کے بقیہ 12 ممبر ملکوں نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے امریکہ کے نائب سفیر Robert Wood نے کل یہ کہا تھا کہ ایک آزاد فلسطینی مملکت اسرائیل اور فلسطینی اتھارٹی کے درمیان سیدھے مذاکرات کے ذریعے قائم کی جانی چاہیئے نہ کہ اقوام متحدہ کے اقدامات کے ذریعے ۔x

## IPL CRICKET

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات چنڈی گڑھ میں ممبئی انڈینس نے پنجاب کنگس کو 9 رن سے ہرادیا۔ پنجاب کی ٹیم کو 193 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا اور اُس کی ٹیم 19 اوور ایک گیند میں 183 رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ آشوتوش شرما نے پنجاب کیلئے سب سے زیادہ 28 گیندوں میں 61 رن بنائے۔ ممبئی کیلئے جسپریت بمرا اور Gerald Coetzee نے تین تین وکٹ لیے۔

اِس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 192 رن بنائے تھے۔ ممبئی کیلئے سوریہ کمار یادو نے 53 گیندوں میں 78 رن بنائے۔ پنجاب کیلئے ہرشل پٹیل نے تین وکٹ حاصل کیے۔

آج لکھنؤ کے Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں لکھنؤ سُپر جائنٹس کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

## GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... شبانہ رحمٰن

شکریہ - ارجمند

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے آج ووٹنگ ہونے سے متعلق خبروں کو اخباروں کی پہلی بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ ، راشٹریہ سہارا ، ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں کی سرخی ہے کہ 21 ریاستوں کی 102

سیٹوں کیلئے ووٹنگ آج ۔ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی ووٹنگ کیلئے تمام تیاریاں مکمل۔

چوتھے مرحلے کیلئے نوٹفکیشن جاری ہونے اور لوک سبھا انتخابات کے اس مرحلے کیلئے نامزدگی کا عمل آج سے شروع ہونے کی خبر بھی آج کے سبھی اخباروں نے پیش کی ہے۔

روزنامہ ملاپ کی ایک خبر ہے کہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں بھارت کو مستقل رکنیت مل سکتی ہے ۔ اب امریکہ نے بھی اس کی حمایت کی۔

روزنامہ پرتاپ نے فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے کی ازبکستان میں فوجی مشقوں میں شرکت کئے جانے کی خبر کو اخبار کے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے دیسی ٹیکنالوجی کے کروز میزائل کی کامیاب پرواز کا تجربہ کئے جانے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں ہیں :

- کینیا کے 8 فوجی افسران طیارہ حادثے میں ہلاک۔
- اقوام متحدہ نے غزہ کیلئے دو اعشاریہ 8 ارب ڈالر کی فنڈنگ کی اپیل کی۔
- برازیل میں بس حادثہ ، 7 لوگوں کی موت۔
- 2024 کیلئے دنیا کے بہترین ایئرپورٹ کا اعزاز قطر کے نام۔
- اور اسرائیل کی رفح پر بمباری میں 5 بچوں سمیت 11 افراد ہلاک اور کئی زخمی۔ x

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں 102 پارلیمانی سیٹوں کیلئے ووٹنگ شروع ہوگئی ہے۔

2 صدرِ جمہوریہ اور وزیر اعظم نے ووٹروں پر زور دیا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

3 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم جاری ہے۔ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں ریلیاں کریں گے۔

4 وائس ایڈمیرل دنیش ترپاٹھی کو بحریہ کا نیا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔

5 کینیا کی فوج کے سربراہ اور 9 دیگر اہلکار ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں مارے گئے ہیں ۔

6 اور IPL کرکٹ میں ، چنڈی گڑھ میں ممبئی انڈینس نے پنجاب کنگس کو 9 رَن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---